دستاویز بندی

کشمیر میں بغاوت

1. Sumit Ganguly, "Explaining the Kashmir Insurgency: Political Mobilization and Institutional Decay", *International Security*, 21 : 2 (Fall 1996), PP. 76 - 107.

تجزیے میں مصنف کے خیال میں جو اہم سوال زیر بحث لایا گیا ہے، وہ یہ ہے کہ وادی میں بغاوت ہوئی ہی کیوں اور یہ کہ وہ ٹھیک اس وقت کیوں ہوئی، اس سے پہلے کیوں برپا نہ ہوئی۔ بالخصوص ۱۹۶۵ء میں جب ہندوستان اور پاکستان کے مابین اسی مسئلے پر جنگ ہوئی اور جس میں کشمیری عوام پاکستانیوں کی حمایت اور امداد حاصل کر سکتے تھے۔ دوسری آراء کو زیر بحث لانے کے بعد مصنف اپنے مفروضے کو آگے بڑھاتا ہے، جو سیاسی شیرازہ بندی کی لہر (Political Mobilization) اور ریاست کی اداراتی تنزلی (Institutional Decay) کے دو نکات پر مشتمل ہے۔ مصنف کا کہنا ہے کہ جموں و کشمیر میں سیاسی بیداری ہندوستان کے باقی حصوں کے مقابلے میں تاخیر سے یعنی ۱۹۷۰ء کی دہائی میں شروع ہوئی اور اس میں ڈرامائی طور پر تیزی آئی۔ جبکہ ریاستی اداروں میں تنزلی کا رجحان باقیماندہ ہندوستان کے مقابلے میں کشمیر میں کہیں پہلے شروع ہو چکا تھا۔ مضمون کا مصنف سٹی یونیورسٹی آف نیویارک کے ادارے ہنٹر کالج اور گریجویٹ سنٹر میں پولٹیکل سائنس کا پروفیسر ہے۔ وہ کتاب War and Peace: The Crisis in Kashmir کا مصنف بھی ہے۔

تحریکات اسلامی

مسلم دنیا کا سنجیدہ جائزہ

1. Ira M. Lapidus, "Beyond the Unipolar Moment: a Sober Survey of the Islamic World", *Orbis*, 40 : 3 (Summer 1996), PP. 391 - 404

مصنف کا مسئلہ مغرب میں اسلام کا منفی امیج ہے۔ جس کے تحت اسے مقدس جنگجوؤں، جنونیوں، درویشوں، خود کشی کے سکواڈ، اغوا کنندوں، اور جنگ کی بھٹی میں انسانوں کے پرے کے پرے جھونکنے